پاکستان پوسٹ
ٹینڈر نوٹس

ٹینڈر سیریل 03/2026

ٹرانسپورٹرز حضرات کے لئے نادر موقع

پوسٹماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب سرکل لاہور کو 02 میل روٹس پر ڈاک کی ترسیل کے لئے مالی طور پر مستحکم ٹرانسپورٹرز / ٹرانسپورٹ کمپنیوں سے مقررہ فارم پر سربمہر ٹینڈر مندرجہ ذیل شرائط پر مطلوب ہیں۔

ٹینڈر بذریعہ E-Pads کیا جائے گا اور ٹیکنیکل بیڈ Hard Form میں بھی جمع کروانا ہوگی۔ ہدایات کے مطابق مکمل شدہ ٹینڈر فارم PPRA کی سرکاری ویب سائٹ www.eprocure.gov.pk پر اپلوڈ کرنا ہو گی۔ 1۔ معاہدے کی مدت تین سال ہوگی کامیاب بولی دہندہ کو اپنا ٹھیکہ کسی دوسرے فرد یا کمپنی کو منتقل کرنے کا اختیار نہ ہوگا البتہ ٹھیکہ ختم کرنے کی صورت میں ٹھیکے دار کو چار ماہ قبل محکمہ ڈاک کو تحریری نوٹس ارسال کرنا ہوگا اور ٹھیکہ کی منسوخی مجاز اتھارٹی کی منظوری سے مشروط ہوگی۔ 2۔ مالی پیشکش میں ریٹ کلومیٹر کی بنیاد پر درج کرنا ہوگا۔ 3۔ ڈاک کی ترسیل کے دوران گاڑی میں مسافر بٹھانے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔ 4۔ میل کنٹریکٹر ڈرائیور کو موبائل فون فراہم کرے گا۔ 5۔ گاڑی کا میل شیڈول پاکستان پوسٹ مقرر کرے گا جس کے مطابق کام کرنا ہوگا۔ 6۔ درخواست دہندہ کو مستحکم ٹرانسپورٹر ہونے کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔ 7۔ میل بیگز گاڑی کیبن میں رکھے جائیں گے۔ 8۔ ڈاک کی ترسیل کے دوران راستے کے تمام اخراجات بمعہ ٹول ٹیکس وغیرہ کنٹریکٹر خود ادا کرے گا۔ 9۔ لفافے کے بائیں کونے پر ٹینڈر برائے ترسیل ڈاک بمعہ روٹ کا نام لکھا ہونا چاہئے۔ 10۔ مجوزہ گاڑی درخواست دہندہ کے نام ہونی چاہیے۔ 11۔ ہر گاڑی پر ڈاک کی حفاظت کے لئے محکمہ کے مقرر کردہ سائز اور ڈیزائن اور معیار کے مطابق سٹیل کیبن مہیا کرنا ہوگا۔ 12۔ گاڑی کا رنگ سرخ ہوگا اور سفید رنگ میں گاڑی پر پاکستان پوسٹ کا لوگو پاکستان پوسٹ ویب سائیٹ ایڈریس www.pakpost.gov.pk اور یو۔اے۔این نمبر 117-111-111 لکھنا ہوگا۔ 13- تکنیکی پیشکش کے بعد مالیاتی پیشکش کھولی جائیں گی، مالیاتی پیشکش صرف ان کنٹریکٹرز کی کھولی جائیں گی جن کی تکنیکی پیشکشوں کی وسعت 60٪ یا اس سے زائد ہوگی۔ 14۔ گاڑی کی انسپیکشن محکمہ کی مقرر کردہ تاریخ کو کروانا ہوگی۔ گاڑی انسپیکشن کے لیے مہیا نہ کرنے کی صورت میں زر بیعانہ بحق سرکار ضبط کر دیا جائے گا۔ 15۔ ٹینڈر ملنے پر کل معاوضے کا 5٪ مدت معاہدہ کے مطابق بطور سیکیورٹی بنک گارنٹی جمع کروانا ہوگا۔ 16۔ تمام گورنمنٹ ٹیکسز (وفاقی صوبائی ریاستی) شرائط وضوابط کے مطابق لاگو ہونگے۔ 17۔ درخواست ٹینڈر اور معاہدہ فارم (Revised M-50) بمعہ ہدایات مبلغ -/5000 روپے (نی ٹینڈر فارم) (ناقابل واپسی) کسی بھی پوسٹ آفس میں Unclassified Receipt Head کے تحت جمع کروانے کے بعد دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل، سینٹرل پنجاب سرکل لاہور کی پی۔ایس برانچ میں رسید جمع کروا کر دفتری اوقات کار میں اور مورخہ **28-07-2026** کی صبح 09:30 بجے تک حاصل کیا جا سکتا ہے اور PPRA E-Pads www.eprocure.gov.pk سے ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے جس صورت میں رسید دفتر ہذا میں ٹینڈر کے دوران پیش کرنی ہوگی۔ 18۔ ٹینڈر کے ہمراہ بنک ڈرافٹ مبلغ -/**100,000 روپے** بطور زرضمانت (قابل واپسی) بحق پوسٹ ماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب سرکل لاہور منسلک کرنا ہوگا بصورت دیگر درخواست ناقابل قبول تصور کی جائے گی۔ 19۔ تمام گاڑیوں کے موٹر فٹنس سرٹیفکیٹس اور روٹ چارٹس متعلقہ اتھارٹیز سے جاری شدہ، انسپیکشن کے دوران مہیا کرنے ہوں گے۔ 20۔ کنٹریکٹر کو اپنا تجربہ بتانا ہوگا۔ 21۔ این ٹی این نمبر اور پی ایس ٹی رجسٹریشن نمبر کے مطابق تکنیکی پیشکش میں نمبر دیے جائیں گے۔ 22۔ اچھی حالت کی گاڑیاں فراہم کرنا ضروری ہو گا۔ 24- گاڑیوں میں ٹریکر (گاڑی کی انسپیکشن کے وقت) لگے ہونے چاہئیں۔ 25- محکمہ گاڑیوں کے کیبن کے سائز میں مجوزہ شرائط وضوابط پر ردوبدل کا اختیار رکھتا ہے۔ 26- ٹینڈر میں دیئے گئے کلومیٹر ریٹ پر فیول پرائز ایڈجسٹمنٹ کا اختیار ڈائریکٹر جنرل پاکستان پوسٹ / پرنسپل اکاونٹنگ آفیسر ہوگا۔ جس کے تحت فی کلومیٹر ریٹ میں کمی یا زیادتی کی جا سکتی ہے۔ 27- زیادہ ڈاک کی صورت میں Due trip کے علاوہ Special trip / Extra trips کے لیے بھی گاڑی فراہم کرنا ہوگی تاہم ایسی صورت میں ریگولر گاڑی کا شیڈول متاثر نہ ہو۔

میل روٹس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نام میل روٹ	روزانہ دوطرفہ فاصلہ اندازاً	گاڑی/ کیبن کی اونچائی	تعداد گاڑی
لاہور۔ شیخوپورہ۔ ننکانہ۔ سانگلہ ہل	309.2 کلومیٹر	اچھی حالت میں (796 CC تا 1000 CC) کیبن اونچائی "5'6	1
لاہور پوسٹل ایریا 07	102.7 کلومیٹر	اچھی حالت میں (2700 CC تا 2800 CC) کیبن اونچائی 6'	1

ٹینڈر (تکنیکی اور مالیاتی پیشکش) زید تخطی کو مورخہ **28-07-2026** کو صبح 10:45 بجے تک موصول ہونی چاہیں۔ تکنیکی پیشکش اسی روز 11:30 بجے بذریعہ E-Pads ٹینڈر زو دہندگان یا انکے نمائندوں کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔ مقررہ وقت کے بعد وصول ہونے والی پیشکشیں ٹینڈر میں شامل نہیں کی جائیں گی۔ نیز مشروط ٹینڈر قابل قبول نہیں ہوں گے۔ پوسٹ ماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب سرکل لاہور ٹینڈر کو منظور یا مسترد کرنے یا کسی شق کو ختم یا تبدیل کرنے یا کسی روٹ کو حذف کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ درج بالا دوطرفہ فاصلہ ٹینڈر ایوارڈ کے بعد سروے کے مطابق کم وبیش ہو سکتا ہے۔

Faiza Imtiaz

ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل (آپریشن)

دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب سرکل لاہور

فون۔042-99211330